تبصرہ

مفردات القرآن عربی تقطیع ۲۶×۲۰ صفحات ۴۰ کاغذ، کتابت طباعت بہتر مولف مولانا حمید الدین فراہی مرتبہ دائرہ حمیدیہ سرائے میر اعظم گڈھ

مولانا حمید الدین فراہی مرحوم نے اپنے مخصوص طرز میں قرآن پاک کی جو غیر معمولی خدمت انجام دی ہے اہل علم اس سے اچھی طرح واقف ہیں، قدرت نے مولانا کو فہم قرآن سے حصہ وافر عطا فرمایا تھا، اور حق یہ ہے کہ مولانا نے اس عطیۂ قدرت سے پورا پورا فائدہ اٹھایا۔

"دائرۂ حمیدیہ" اہل علم کی طرف سے شکریہ کا مستحق ہے کہ مولانا جیسے شیدائے علم کی عرق ریز کوششوں کو منظر عام پر لانے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس سے پہلے "برہان" میں مولانا کی متعدد قابل قدر کتابوں کا تعارف کرایا جا چکا ہے ! ۔ زیر نظر کتاب عربی زبان میں ہے، اس میں قرآن مجید کے ایسے ۱۰ مفرد لفظوں کی تحقیق کی گئی ہے جن کے معانی کی تعیین میں عام طور پر مشکلات پیش آتی ہیں، ہمیں پوری کتاب کے مطالعہ کا موقع نہیں ملا تاہم جستہ جستہ جو حصے دیکھ سکے ہیں ان کے پیش نظر کہا جا سکتا ہے کہ مولانا کی شان تحقیق اس کتاب میں بھی نمایاں ہے، مفردات القرآن پر بڑی بڑی ضخیم، معتبر اور محققانہ کتابیں موجود ہیں، لیکن مولانا نے جس ضرورت کو سامنے رکھ کر یہ کتاب لکھی ہے اس کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا جن الفاظ کی تشریح کتاب میں ملتی ہے ان میں خاص طور پر حسب ذیل الفاظ کی تحقیق قابل مطالعہ ہے۔

مصدقاً لما بین یدیہ۔ نصاریٰ۔ ادّ۔ البرّ۔ الصلوٰۃ۔ الحکمۃ۔ الاسلام۔ الاتقاء۔ الآخر ۔۔۔

کتاب بحیثیت مجموعی اہل علم کے مطالعہ کے لائق ہے ۔ (ع ۔ ع)